22071 ـ ہاسپٹل یا سکول سے نکلنے یا رشتہ داروں سے ملنے کے لیے جاتے وقت خوشبو لگانا

سوال

کیا عورت کے لیے سکول یا ہاسپٹل، یا رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو ملنے کے لیے جاتے وقت خوشبو لگانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو عورت عورتوں کے جمع ہونے کی جگہ جائے اور راستے میں کسی بھی مرد کے قریب سے نہ گزرے تو اس کے لیے خوشبو لگانی جائز ہے، لیکن عورت کا بازار جاتے وقت خوشبو لگانا جہاں مرد ہوتے ہیں جائز نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو عورت بھی خوشبو کی دھونی لے تو وہ ہمارے ساتھ عشاء کی نماز میں مت آئے "

اس کے علاوہ اور بھی کئی ایك احادیث بھی وارد ہیں، اور اس لیے بھی کہ عورت کا خوشبو لگا کر مردوں کے راستوں اور مردوں کے جمع ہونے کی جگہ مثلا مساجد میں جانا فتنہ و خرابی کا باعث ہے، اسی طرح عورت کو چاہیے کہ وہ مکمل پردہ کرے، اور بےپردگی سے اجتناب کرے.

کیونکہ اللہ جل جلالہ کا فرمان ہے:

اور تم اپنے گھروں میں ٹکی رہو، اور قدیم جاہلیت کے زمانے کی طرح اپنے بناء سنگھار کا اظہار نہ کرو الاحزاب (33).

اور بےپردگی میں یہ بھی شامل ہے کہ عورت اپنے پرفتن اعضاء اور محاسن مثلا چہرہ اور سر وغیرہ ظاہر کرے.